| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 09-06-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو اسلام آباد پہنچ گئے،وزیراعلیٰ بلوچستان سے تاجر رہنما کی ملاقات | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔احسان اقبال سے خالد لانگو کی ملاقات،سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔قلعہ سیف اللہ وین کھائی میں جاگری خواتین اور بچوں سمیت 22افراد جاں بحق،صوبائی وزراء اور سیاسی رہنما | جنگ ودیگراخبارات |
| 4۔بلوچستان میں کھاد چینی اور آٹے کی درآمد برآمد پر پابندی ختم کرنے کی ہدایت،میر ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی امت مسلمہ کیلئے ناقابل برداشت ہے،شازن بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔وفاق این ایف سی ایوارڈ کا اجلاس طلب کر کے بلوچستان کا حصہ طے کرے،صوبائی حکومت | مشرق ودیگراخبارات |
| 7۔وزیراعلیٰ صوبے کی ترقی کیلئے کوشاں ہیں،سید احسان شاہ | سینچری ودیگراخبارات |
| 8۔جھوٹ فریب اور نفرت کی سیاست دم توڑ چکی ہے،محمد خان لہڑی | باخبر ودیگراخبارات |
| 9۔اختر زئی حادثے میں 22مسافروں کے جاں بحق ہونے پر افسوس ہوا،طور اوتمانخیل | باخبر ودیگراخبارات |
| 10۔گوادر وسطی ایشیائی ریاستوں کو دُنیا سے جوڑیگا،وفاقی وزیر اسعد محمود | بلوچستان نیوز ودیگراخبارات |
| 11۔قلعہ سیف اللہ ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع پر افسوس ہے،بشریٰ رند | آزادی ودیگراخبارات |
| 12۔گوادر کے 2000ماہی گیروں کو موٹر بورٹ اور تیرتی جیٹی فراہم کرینگے،وفاقی وزیر فیصل علی | انتخاب ودیگراخبارات |
| 13۔پڑھے لکھے نوجوانوں کو آگے لانے کیلئے جدوجہد کر رہے ہیں،وفاقی وزیر آغا حسن | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔معذور افراد کا معاشرتی ترقی میں اہم کردار ہے،عبدالخالق ہزارہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15۔صوبے میں پانی کا مسئلہ حل کرنے کے لئے اقدامات کیے جارہے،چیف سیکرٹری | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا | جنگ ودیگراخبارات |
| 17۔ضلع لسبیلہ کو تقسیم کرنے کا یکطرفہ فیصلہ ناقابل قبول ہے،جام کمال | باخبر ودیگراخبارات |
| 18۔وزیراعلیٰ نے ذاتی دلچسپی لے کر واجبات کا مسئلہ حل کیا،ایڈیٹر کونسل | جنگ ودیگراخبارات |

## امن و امان

کوئٹہ ذاکر مجید بلوچ کی عدم بازیابی کے خلاف ریلی ومظاہرہ،سوراب موٹر سائیکل چھین لی گئی،خضدار مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شدید زخمی،ڈیرہ اللہ یار بائی پاس سے لاش برآمد،12سال بچے کے ساتھ بدفعلی کرنے والے ملزمان کو سات سات سال قید کی سزا سنادی

## عوامی مسائل

وزیراعلیٰ انسپکشن ٹیم کا نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال کا دورہ مسائل کا جائزہ،ضلع قلعہ عبداللہ میں شدید خشک سالی زمینداروں اور مالداروں کو مشکلات،نوشکی نوچاغی روڈ کی ناقص تعمیر 2ارب کا منصوبہ عوام کیلئے سردرد بن جائیگا۔

---

مورخہ 09-06-2022

## اداریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "**بلوچستان کابینہ کے اہم اور قابل ستائش فیصلے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں کئی اہم فیصلے کئے گئے کابینہ اراکین نے صوبے میں کفایت شعاری اوراخراجات کم کرنے کی پالیسی کے تحت اپنے پٹرول کے کوٹے اور دیگر مراعات میں 50 فیصد کمی کا فیصلہ کیا تاہم بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں 10 اضافے کی منظوری دی گئی کابینہ نے بی ڈی اے کے کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیرکوہ اور زین کوہ کیلئے واٹرسپلائی اسکیم کے نظر ثانی شدہ پی سی ون، گندم کی امدادی قیمت میں 200 روپے فی کلوگرام اضافے ضلع کوئٹہ کی 170 واٹرسپلائی اسکیموں کو واسا کے حوالے کرنے انسانی حقوق کی پالیسی 2021 اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی بل 2022 کی منظوری دی سیاحت کے فروغ کیلئے زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی بحالی اور صوبے میں تین نئے اضلاع کاریزات اور اوستہ محمد کے قیام کی اصولی منظوری بھی دی گئی۔ کوئٹہ سمیت پورے صوبے میں پانی کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جارہا ہے جسے حل کرنے کیلئے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے معاشی اعتبار سے بلوچستان کیلئے اہم منصوبہ ہے اس پر پہلا حق صوبے کے عوام کا ہے سرمایہ کاری کے بغیر منافع میں 25 فیصد کی شراکت داری ہے بلوچستان کے وسائل میں اضافہ ہوگا صوبے کے حقوق کے تحفظ اور دفاع کیلئے حکومت اور اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک صفحے پر ہونا چاہئے یہی وہ طریقہ ہے جس پر چلتے ہوئے بلوچستان کی ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔

## اداریہ

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**بلوچستان کے مسائل کابینہ کے فیصلے اور وزیر اعلیٰ کا عزم** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**توانائی بحران اور حکومتی فیصلوں کا جائزہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**بجلی بحران وقتی فیصلوں کی بجائے مستقل پالیسیوں پر غور کیا جائے** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Limiting perks" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

## مضامین

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**آسمان کو چھوتی مہنگائی اورنا مساعد معاشی حالات میں اگلے مالی سال کے بجٹ سے مختلف طبقات کی وابستہ اُمیدیں** " کے عنوان سے محمد افضل مغل کا انٹرویو شائع کیا۔

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے "**ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے خلاف تحریک عدم اعتماد کا امکان** " کے عنوان سے رضا الرحمان کا تجزیہ شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily:


THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 20 روپے

جلد 51 جمعرات 09 ذیقعدہ 1443ھ 09 جون 2022ء نمبر 158


## وزیراعلیٰ قدوس بزنجو اسلام آباد پہنچ گئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اسلام آباد پہنچ گئے، تفصیلات کے مطابق بدھ کو وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات نور محمد دمڑ، وزیر آبپاشی میر محمد خان لہڑی اور ایڈیشنل چیف سیکریٹری منصوبہ بندی و ترقیات کے ہمراہ وزیراعظم سے ملاقات اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت منعقد ہونے والے این ای سی کے اجلاس میں شرکت کیلئے اسلام آباد پہنچ گئے۔


DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 20 شمارہ 177 | جمعرات، 9 ذیقعدہ، 9 جون 2022ء، صفحات 10 قیمت 20 روپے


## وزیراعلیٰ بلوچستان سے تاجر رہنماؤں کی ملاقات

### عبدالستار روڈ بند کرنے کے حوالے سے تاجروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کا وفد مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی اچکزئی میر یاسین مینگل کے قیادت میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے ملاقات کی ملاقات میں جمعیت علما اسلام کے رہنما و صوبائی اسمبلی میں ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، لالا رشید دشتی، ارکان صوبائی اسمبلی اصغر خان ترین، (باقی صفحہ 7 نمبر 21)

یونس زہری، میر اکبر مینگل، احمد نواز جھنگوی بھی موجود تھے۔ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو عبدالستار روڈ کی بندش کے حوالے سے تاجر برادری کے مسائل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ 2 سالوں سے کوئٹہ شہر کے مین کاروباری شارع کو بیریئر لگا کر بند کیا گیا ہے جس سے تاجر برادری نان شبینہ کی محتاج ہوگئی ہے لاکھوں روپے کرایہ دیگر کروڑوں روپے کا سامان دکانوں میں رکھا ہوا لیکن روڈ بند ہونے کی وجہ سے کوئی خریدار نہیں آتا ہے جس کی وجہ سے کاروبار مکمل ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے اور تاجر نقل مکانی کرکے شہر کے دوسرے سڑکوں اور کاروباری جگہوں پر کاروبار کے لئے گئے ہیں اور عبدالستار روڈ سنسان پڑا ہے عبدالستار روڈ پر واقع ہوٹلوں میں دوسرے صوبوں سے آکر رہائش اختیار کرنے والے مسافر، خواتین، بوڑھے، بچے گاڑیوں سے اتر کر پیدل ہوٹل تک جاتے ہیں اور خریداری کیلئے آنے والے لوگ سامان اٹھا کر پیدل اتنا لمبا فاصلہ طے کرتے ہیں جن سے انہیں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے متعدد بار کمشنر کوئٹہ ڈویژن، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن اور ایس ایس پی ٹریفک کو اس بارے میں مطلع کیا اور کئی بار میٹنگ کی ہیں اور کئی بار یقین دہانیاں کروائیں لیکن آج دن تک کوئی شنوائی نہیں ہوا اور متعدد بار سرکاری حکام کو عبدالستار روڈ کا وزٹ بھی کروایا اور جس میں عوام اور تاجر برادری کے مشکلات کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ بھی کیا گیا۔ صوبائی وزیر بلدیات و سیکریٹری بلدیات کو بھی آگاہ کیا لیکن آج دن تک مسئلہ حل نہیں ہوا وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے تمام مسائل سن کر جمعیت علماء اسلام کے رہنما و قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنائی جو کہ عبدالستار روڈ کا وزٹ کرکے وزیراعلیٰ بلوچستان کو رپورٹ پیش کریگے جس کے بعد وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالستار روڈ کو کھولنے کا جلد سے جلد اعلان کریگے۔ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو اور قائد حزب اختلاف ملک سکندر خان ایڈووکیٹ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے تاجر برادری کی طرف سے ہر قسم کے تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## جھوٹ فریب اور نفرت کی سیاست دم توڑ چکی ہے

محمد خان لہڑی

بی اے پی نصیر آباد کا مضبوط گڑھ ہے اور رہے گا ہم ہمیشہ سیاست کو عبادت کے طور پر سمجھ کر رہے ہیں

میرٹ کی بنیاد پر بے روزگاروں کو روزگار فراہم کرنا اور عوام کی بہتری کے لیے کام کرتا ہے ۔ صوبائی وزیر

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی، بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی نائب صدر سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے کہا ہے کہ نصیر آباد عوام سے ہمارا پیار محبت بھائی چارگی کا رشتہ ہے اور بھائی چارگی کی سیاست کو فروغ دے [illegible]

عام انتخابات کی طرح بلدیاتی انتخابات میں نصیر آباد کی غیور عوام نے ہمارا بلکہ علاقے کی ترقی و خوشحالی کا بھرپور ساتھ دے یہ ثابت کر دیا ہے جھوٹ فریب نفرت کی سیاست دم توڑ چکی ہے بی اے پی نصیر آباد کا مضبوط گڑھ ہے اور رہے گا ہم نے ہمیشہ سیاست کو عبادت کے طور پر سمجھ کر رہے ہیں سیاست کی ہر رخ کو سمجھنے اور حالات سے مقابلہ کرنے کے لیے عوام کی اعتماد کو حاصل کیا ہے ہمارا مقصد نصیر آباد کی ترقی، میرٹ کی بنیاد پر بے روزگاروں کو روزگار فراہم کرنا اور عوام کی بہتری کے لیے کام کرنا ہے ہماری سیاست کا محور عوام کی بلا امتیاز خدمت کرنا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں لہڑی ہاؤس میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر ایریگیشن حاجی محمد خان لہڑی، سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی نے مزید کہا کہ اپنے حلقے انتخاب نصیر آباد عوام کی ترقی اور خوشحالی اولین ترجیح ہے حلقے میں باقی شعبوں کی طرح بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر و مرمت پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں حلقہ انتخاب زرعی علاقہ ہے تاکہ فارم ٹو مارکیٹ زرعی اجناس کی ترسیل میں عوام کو کوئی مشکلات درپیش نہ آئیں حلقہ انتخاب میں جاری ترقیاتی کاموں کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے عوام کا پیسہ عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ کیے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ روڈوں کی تعمیر سے عوام کی سفری مشکلات کا خاتمہ ہوگا ہم نے عوام سے جو وعدے کیے ہے ان کو بتدریج پورا کر رہے ہیں ہمارے کوئی ذاتی مفادات نہیں بلکہ ہمیں عوام کے مفادات عزیز ہے عوام سرمایہ ہیں عوام کی خدمت کر کے دلی سکون ملتا ہے انہوں نے کہا کہ ترقیاتی کاموں میں پیش رفت اور ان کی بروقت مانیٹرنگ ضروری ہے ترقیاتی کام عوام کی مشاورت سے شروع کیے گئے ہیں ترقیاتی [illegible] سے خوشحالی کا نیا دور شروع [illegible] ترقی کی بھی [illegible] ترقیاتی کاموں کے حوالے سے نظر انداز نہیں کریں گے

## اختر زئی حادثے میں 22 مسافروں کے جاں بحق ہونے پر افسوس ہوا، طور اوتمانخیل

حادثات میں قیمتی جانیں ضائع دراصل ٹریفک کے بنیادی اصولوں سے ناواقف ہے

لورالائی (نمائندہ خصوصی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما صوبائی وزیر صنعت و تجارت حاجی محمد خان طور اتمان خیل نے لورالائی سے ژوب جانے والے ویگن کا اختر زئی اودلا کے پہاڑی ایریا میں المناک حادثہ میں تمام 21 مسافروں کے جاں بحق ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بڑے پیمانے پر جانی نقصان پر پورے ژوب ڈویژن اور لورالائی ڈویژن کے عوام گہرے صدمے سے دوچار ہوگئے ہیں اللہ پاک تمام شہداء کو اپنے جوار رحمت میں جگہ نصیب فرمائے انہوں نے کہا کہ میں لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہوں اللہ پاک ان کے غم کو کم کرے اور انہیں صبر جمیل نصیب کرے انہوں نے کہا کہ ٹریفک حادثات میں ملک صوبے میں قیمتی جانیں ضائع ہو رہی ہیں جو کہ دراصل ٹریفک کے بنیادی اصولوں سے ناواقفیت اور پرانی گاڑیوں کا استعمال ہے انہوں نے کہا کہ ہمارے شاہراہ اور پہاڑی سلسلوں سے گزرتے ہیں جس پر ہمیں انتہائی احتیاط سے گاڑی چلانی چاہیے اور گاڑی کے ٹائروں پر کافی توجہ دینے کے ساتھ ڈرائیور کو تجربہ کار ہونا چاہیے

## گوادر وسطی ایشیائی ریاستوں کو دنیا سے جوڑیگا، اسعد محمود

پاکستان اور وسطی ایشیائی ریاستوں میں مضبوط تعلقات کیلئے عوامی روابط ناگزیر ہیں، گوادر پورٹ دنیا تک رسائی کیلئے آسان اور مختصر راستہ ہے

ہمارے دینی اور ثقافتی رشتے صدیوں پر محیط ہیں، ہماری اقدار و روایات ایک دوسرے سے انتہائی ہم آہنگ ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات و پوسٹل سروسز اسعد محمود کی قازقستان اور ترکمانستان کے سفراء سے بات چیت

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود نے کہا ہے کہ خطہ کے ممالک ایک دوسرے کی مدد اور معاونت کے بغیر معاشی ترقی سے ہمکنار نہیں ہو سکتے۔ وسطی ایشیائی ریاستیں دینی، ثقافتی، تہذیبی اور تمدنی لحاظ سے پاکستان سے کافی حد تک مماثلت رکھتی ہیں۔ گوادر پورٹ ان ریاستوں کی باقی دنیا تک رسائی کیلئے آسان اور مختصر راستہ ہے۔ باہمی تعلقات اور مواصلات کے شعبہ میں تعاون بڑھانے کیلئے ورکنگ گروپس کی تشکیل ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قازقستان کے سفیر مسٹر یرزن کستافن اور ترکمانستان کے سفیر مسٹر اتاجان موولاموف سے علیحدہ علیحدہ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مواصلات کے وفاقی سیکرٹری و چیئرمین نیشنل ہائی وے اتھارٹی کیپٹن (ر) محمد خرم آغا سمیت متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ قازقستان کے سفیر مسٹر یرزن کستافن نے وفاقی وزیر مواصلات کو بتایا کہ ابھی دنوں قازقستان میں دو انتہائی اہم کانفرنسز کا انعقاد کیا گیا۔ پہلی کانفرنس میں شاعر اسلام، حکیم الامت حضرت علامہ اقبال کے افکار، فلسفہ اور ان کی ملی و قومی خدمات پر سیر حاصل گفتگو کی گئی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily:

روزنامہ آزادی (7) جمعرات 09 جون 2022ء

Dated:

Page No.

## قلعہ سیف اللہ ٹریفک حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس ہے، بشریٰ رند

کوئٹہ (خ ن) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وسماجی بہبود محترمہ بشریٰ رند نے قلعہ سیف اللہ کے قریب ٹریفک حادثہ میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حادثہ میں زخمیوں ہونے (بقیہ نمبر 46 صفحہ نمبر 7 پر)

کیا ہے پارٹی کے شریک چیئرمین رکن قومی اسمبلی وسابق صدر مملکت پاکستان آصف علی زرداری نے اپنا فلسفہ ایک زرداری سب پر بھاری کے ساتھ ساتھ ایک زرداری سب سے یاری کے ذریعے ملک وقوم کی بہتری کے لئے جو اقدامات اٹھائے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو سریاب کے علاقے کلی بنگلزئی میں سردار عمران بنگلزئی کی جانب سے منعقدہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کیا جلسے سے ڈپٹی سیکرٹریز اطلاعات قاسم خان اچکزئی، ملک ذیشان حسین، رابطہ سیکرٹری ربانی خان خلجی، ریکارڈ سیکرٹری ودھے ہزارہ، میر حیدر خان جمالی، کوئٹہ ڈویژن کے سینئر نائب صدر عبدالجبار خلجی، لیبر بیورو کے شاہجہان گجر، کوئٹہ کے نائب صدر طارق سرپرہ، پی ایس ایف کے رابطہ سیکرٹری حاجی امین، صوبائی رہنما ندیم احمد خان نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی شہداء کسانوں ہاریوں مزدوروں دہقانوں جیالوں اور غریبوں کی جماعت ہے جس کی لیڈر شپ رہنماؤں اور ہزاروں ورکروں نے ملک وقوم کے مفاد اور ملک میں جمہوریت کے استحکام کے لئے اپنی جانیں قربان کر کے اپنے خون سے جمہوریت کی آبیاری کی ہے انہوں نے کہا کہ آنے والا دور پاکستان پیپلز پارٹی کا ہے پارٹی کے چیئرمین آصف علی زرداری نے ہمیشہ جو بات کی ہے وہ کر کے دکھائی ہے اور ان کا وژن ہے کہ آنے والے انتخابات کے بعد بلوچستان کا وزیراعلیٰ اور کوئٹہ میئر پاکستان پیپلز پارٹی کے جیالے کو بنانے چاہتے ہیں اور وہ یہ کر کے دکھائیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 09 JUN 2022 Page No. 5 B

## پڑھے لکھے نوجوانوں کو آگے لانے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں، آغا حسن

**اپنے صوبے اور عوام کی خدمت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، صحافیوں کے وفد سے گفتگو**

اوتھل (آن لائن) وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی آغا حسن بلوچ نے کہا ہے کہ آج ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ دنیا تیزی کے ساتھ ترقی کر رہی ہے۔ ہم بھی پڑھے لکھے نوجوانوں کو آگے لانے کیلئے عملی طور پر جدوجہد کر رہے ہیں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں حقیقی معنوں میں صوبے کے عوام کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔ لسبیلہ یونیورسٹی اور وڈھ یونیورسٹی کے بہتری کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی این پی مینگل کے سینیٹر محمد قاسم رونجھو کی قیادت میں ملنے والے صحافیوں کے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم عوام کی خدمت کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے اور ہمارے پاس جو بھی اختیارات ہیں وہ سب استعمال کر کے اپنے صوبے کی بھرپور خدمت کی جائیگی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کی قیادت میں صوبے کے عوام کی حقیقی معنوں میں خدمت کر رہے ہیں۔ آج ٹیکنالوجی کا دور ہے۔ دنیا ترقی کر رہی ہے۔ ہمیں بھی موجودہ چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے آگے آنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کو پسماندگی سے نکالنے کیلئے بھی جدوجہد کریں گے۔ لسبیلہ یونیورسٹی اور وڈھ کیمپس کیلئے مزید گرانٹ مختص کروائیں گے تاکہ یونیورسٹی مزید بہتر بن جائے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام کی خدمت میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑیں گے۔

INTEKHAB QUETTA

## گوادر کے 2000 ماہی گیروں کو موٹر بوٹس اور تیرتی جیٹی فراہم کرینگے

**وفاقی وزیر بحری امور**

موٹر بوٹ انجن کی فراہمی پر 5 سو ملین جبکہ تیرتی جیٹی پر 267 ملین روپے لاگت آئے گی، آبی حیات کو سمندری آلودگی سے پاک کرینگے

**2 ہزار ماہی گیروں کو موٹر بوٹ انجن اور تیرتی جیٹی رواں سال کے آخر تک فراہم کر دی جائے گی، فیصل سبزواری کا تقریب سے خطاب**

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور سینیٹر فیصل علی سبزواری نے رواں سال کے آخر تک گوادر کے 2000 ماہی گیروں کو 500 ملین کی لاگت سے موٹر بوٹ انجن کی فراہمی اور 267 ملین لاگتی تیرتی جیٹی کی فراہمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ فضلے کی وجہ سے سمندر آلودہ ہو رہے ہیں، سندھ حکومت کے ساتھ مل کر سمندر اور آبی حیات کو آلودگی سے پاک رکھنے کیلئے اقدام کریں گیں۔ یہ اعلان انہوں نے کراچی میں وزارت سمندری امور کے زیر اہتمام ورلڈ اوشین ڈے کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزارت بحری امور کے بعد بقیہ نمبر 81 صفحہ 7 پر

کراچی (۔۔۔) وزارت کے تعاون سے بلیو اکانومی ڈویلپمنٹ روڈ میپ پر ۔۔۔ بینک کے زیر اہتمام ایک مشاورتی ورکشاپ کا انعقاد کرنے کے ساتھ ساتھ سمندروں کا عالمی دن منایا۔ انہوں نے ۔۔۔ کہا کہ گوادر کے لوگوں کے لیے ہم نے تقریباً 2000 ماہی گیروں کو موٹر ماہی گیری کے لیے 500 ملین روپے کی لاگت سے موٹر بوٹ انجن فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔

## معذور افراد کا معاشرتی ترقی میں اہم کردار ہے، عبدالخالق ہزارہ

**تندرست رہنے کیلئے کھیل نہایت ضروری ہیں، ہمیں چاہیے کہ ہم کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، صوبائی وزیر کھیل و ثقافت کا انڈور گیمز کی تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کھیل و ثقافت عبد الخالق ہزارہ نے کہا ہے کہ معذور افراد بھی ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں ان کے لئے کھیلوں کے مواقع پیدا کر کے معاشرے میں ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کیا جا سکتا ہے۔ معاشرے کی تعمیر و ترقی میں ان کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ کھیل اچھی صحت کا ضامن ہے کھیل انسانوں کو مختلف قسم کی جان لیوا بیماریوں سے بچاتی ہے۔ تندرست رہنے کیلئے کھیل نہایت ضروری ہیں ہمیں چاہیے کہ ہم کھیلوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ کھیل و ثقافت کی جانب سے معذور افراد کے لئے ایک روزہ انڈور گیمز کی تقریب کے موقع پر کیا صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ یہ محکمہ کھیل کی ایک بہت بڑی کامیابی ہے کہ انہوں نے اس طرح کے پروگرام کا انعقاد کیا اور امید ہے کہ مستقبل میں بھی معذور افراد کو اسی طریقے سے ترجیحی بنیادوں پر مواقع فراہم کیے جائیں گے ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے معذور افراد بھی معاشرے کے باقی لوگوں کی طرح ایک نارمل اور صحت مندانہ زندگی گزاریں حکومت کی بھی یہی کوشش ہے کہ وہ ان اسپیشل افراد کو معاشرے میں اسپیشل مقام دلائے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور خلیل جارج نے کہا کہ معذور افراد بھی معاشرے کا حصہ ہیں معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کر سکتے ہیں کھیلوں میں ان کی شمولیت اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ وہ کچھ کر لینے کا جذبہ رکھتے ہیں اور کسی سے کم نہیں سیکرٹری اسپورٹس محمد اسحاق جمالی نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ کھیل معذور افراد کے لیے ایسی سرگرمیوں کو آئندہ بھی فروغ دیتا رہے گا تقریب سے ڈی جی سپورٹس درا بلوچ نے بھی خطاب کیا اور معذور افراد کے لئے ہر ممکن تعاون کا عزم دہرایا صوبائی مشیر کھیل عبدالخالق ہزارہ نے اس موقع پر معذور افراد کیلئے 50 ہزار روپے کا اعلان کیا اور کھیلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والوں میں انعامات تقسیم کیے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: ____________

Bu... روزنامہ جنگ کوئٹہ جمعرات 09 جون 2022ء

Dated: ____ روزنامہ مشرق کوئٹہ اجب / جمعرات 09 جون 2022ء

## صوبے میں پانی کا مسئلہ حل کرنے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں، چیف سیکرٹری

**عزیز عقیلی سے چنگیز جمالی کی ملاقات، بلوچستان میں کینالز اور اریگیشن سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے سابق وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے بدھ کے روز ملاقات کی۔ میر چنگیز جمالی نے چیف سیکرٹری کو بلوچستان میں خوش آمدید کہا اور عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ ملاقات میں کینال اریگیشن سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے میں پانی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے اقدامات کررہی ہے۔

## عالمی تنظیموں کا صوبے کی ترقی کیلئے کام قابل تحسین ہے، چیف سیکرٹری

**بین الاقوامی اور مقامی کنسلٹنٹس جولائی کے دوسرے ہفتے میں آن بورڈ ہوں گے، نمائندہ ایف اے او**

**چلغوزہ فاریسٹ ملٹی فنکشنل مینجمنٹ پلان تیار، بڑی آگ سے نقصانات کی تشخیص وبحالی کی ضرورت ہے**

کوئٹہ (آئی این پی) ضلع شیرانی کے جنگلات میں آگ سے ہونے والے نقصانات کے تخمینے اور جنگلات کی بحالی کے حوالے سے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں اجلاس منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے اجلاس کو اب تک کی سرگرمیوں اور اقدامات کے ...... بقیہ نمبر 2 صفحہ 10 پر

بارے میں تفصیلی بریفنگ دی ایف اے او کے نمائندے نے بتایا کہ بین الاقوامی اور مقامی کنسلٹنٹس کے ٹی او آرز آخری مرحلے میں ہیں اور جولائی 2022 کے دوسرے ہفتے میں کنسلٹنٹس آن بورڈ ہوں گے اجلاس کو یہ بھی بتایا گیا کہ سپارکو پاکستان سے متاثرہ علاقے کا جلد از جلد جائزہ لینے کی درخواست کی گئی ہے۔ بلوچستان کے علاوہ نقصانات کا تخمینہ لگانے کے لیے ایک عبوری ٹیم بھی تشکیل دے دی گئی ہے۔ اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) کے نمائندے نے بتایا کہ GEF چلغوزہ پروجیکٹ کے تحت انہوں نے پہلے ہی چلغوزہ فاریسٹ ملٹی فنکشنل مینجمنٹ پلان مرتب کیا ہے۔

روزنامہ سنچری ایکسپریس، کوئٹہ۔ جمعرات، 9 جون، 2022ء

## جنگلات آتشزدگی نقصانات کے تخمینے وبحالی سے متعلق اجلاس

**عالمی تنظیموں کا صوبے کی ترقی کیلئے مختلف منصوبوں پر کام کرنا قابل تحسین ہے، چیف سیکرٹری**

کوئٹہ (خ ن) ضلع شیرانی کے جنگلات میں آگ سے ہونے والے نقصانات کے تخمینے اور جنگلات کی بحالی کے حوالے سے سول سیکرٹریٹ کوئٹہ میں اجلاس منعقد کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے اجلاس کو اب تک کی سرگرمیوں اور اقدامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ایف اے او کے نمائندے نے بتایا کہ بین الاقوامی اور مقامی کنسلٹنٹس کے ٹی او آرز (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

آخری مرحلے میں ہیں اور جولائی 2022 کے دوسرے ہفتے میں کنسلٹنٹس آن بورڈ ہوں گے۔ اجلاس کو یہ بھی بتایا گیا کہ سپارکو پاکستان سے متاثرہ علاقے کا جلد از جلد جائزہ لینے کی درخواست کی گئی ہے۔ بلوچستان کے علاوہ نقصانات کا تخمینہ لگانے کیلئے ایک عبوری ٹیم بھی تشکیل دے دی گئی ہے۔ اقوام متحدہ کے ذیلی ادارے فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن (FAO) کے نمائندے نے بتایا کہ GEF چلغوزہ پروجیکٹ کے تحت، انہوں نے پہلے ہی چلغوزہ فاریسٹ ملٹی فنکشنل مینجمنٹ پلان مرتب کیا ہے لیکن بڑی آگ کی وجہ سے نقصانات کی جامع تشخیص اور بحالی کی ضرورت ہے۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ عالمی تنظیموں کی صوبے کی ترقی کیلئے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنا قابل تحسین ہے اور آئندہ بھی اسی طرح عالمی تنظیموں سے تعاون کی ضرورت ہوگی۔ اجلاس میں سیکرٹری جنگلات دوستین جمالدینی، ایف اے او کے صوبائی سربراہ ولید مہدی، ایڈوائزر FAO ڈاکٹر فضل باری، پراونشل کوآرڈینیٹر چلغوزہ پروجیکٹ محمد یحییٰ موسیٰ خیل اور پروجیکٹ ڈائریکٹر آئی او بی پی ٹی پی علی عمران بھی موجود تھے۔ دریں اثناء چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے سابق وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے ملاقات کی۔ میر چنگیز جمالی نے چیف سیکرٹری کو بلوچستان میں خوش آمدید کہا اور عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ ملاقات میں کینال اریگیشن سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے میں پانی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیلئے اقدامات کررہی ہیں۔

روزنامہ آزادی (2) جمعرات 09 جون 2022ء

## چیف سیکرٹری سے چنگیز جمالی کی ملاقات مختلف امور پر گفتگو

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے سابق وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میر چنگیز خان جمالی نے بدھ کے روز ملاقات کی۔ میر چنگیز جمالی نے چیف سیکرٹری کو بلوچستان میں خوش آمدید کہا اور عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ ملاقات میں کینال اریگیشن سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 39 صفحہ نمبر 7 پر)

چیف سیکرٹری نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے میں پانی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کے لیے اقدامات کررہی ہیں۔

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

09 جون 2022ء

## چیف سیکرٹری سے میر چنگیز جمالی کی ملاقات، عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز عقیلی سے سابق وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میر چنگیز خان بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر 7

جمالی نے چیف سیکرٹری سے ملاقات کی۔ میر چنگیز جمالی نے چیف سیکرٹری کو بلوچستان میں خوش آمدید کہا اور عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی۔ ملاقات میں کینال اریگیشن سمیت دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ چیف سیکرٹری نے اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت صوبے میں پانی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کے لیے اقدامات کررہی ہے۔

## ایرانی سفیر کی بلوچستان کیلئے بجلی کی پیداوار بڑھانے پر آمادگی

**محمد علی حسینی کی احسن اقبال سے ملاقات، سی پیک، علاقائی ترقی اور معاشی تعاون پر تبادلہ خیال**

اسلام آباد (جنگ نیوز) ایرانی سفیر نے پاکستان کے صوبے بلوچستان کے لیے بجلی کی پیداوار بڑھانے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال اور ایرانی سفیر سید محمد علی حسینی کے درمیان ہونے والی ملاقات میں سی پیک، علاقائی ترقی اور معاشی تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ خبر ایجنسی کے مطابق اسلام آباد میں ہونے والی ملاقات میں ایرانی ٹائم الیفیرز اور وزارت توانائی کے حکام بھی موجود تھے۔ رپورٹ کے مطابق ملاقات میں وزیر برائے منصوبہ بندی کی درخواست پر ایرانی سفیر نے بلوچستان کے لیے بجلی کی پیداوار بڑھانے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔

## بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ایک دن کے وقفے کے بعد آج سہ پہر تین بجے ہوگا جس میں پشتونخوامیپ کے رکن نصراللہ زیرے درگئی شبوزئی N-70 سے براستہ مرغہ کبزئی، موسیٰ خیل تا تونسہ شریف N-55 پر ترقیاتی کام و پراجیکٹ ڈائریکٹر کی تبدیلی اور ریوائز پی سی ون میں منظور ہونے والے ٹینڈرز کی منسوخی سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس پیش کریں گے۔

## آئندہ بجٹ متوازن اور عوام دوست بنایا جائے گا، ترجمان حکومت بلوچستان

**حکومت کفایت شعاری کی پالیسی پر گامزن ہے، وزیراعلیٰ نے عوام کو ریلیف فراہم کرنیکی ہدایت کی ہے، فرح عظیم شاہ**

کوئٹہ (خ ن) ترجمان حکومت بلوچستان فرح عظیم شاہ نے کہا ہے کہ آئندہ مالی سال کا صوبائی بجٹ متوازن اور عوام دوست بنایا جائے گا اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے متعلقہ محکموں کو صوبائی بجٹ کی تیاری اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ میں تعلیم، صحت، روزگار، آبنوشی اور دیگر شعبوں کے ساتھ نوجوانوں اور خواتین کی ترقی کے منصوبے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔ اس کے علاوہ جیلوں میں اصلاحات اور قیدیوں کے لیے فلاح و بہبود کے پروگرام شامل کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ میں انفرادی منصوبوں کے بجائے اجتماعی منصوبوں اور عوامی نوعیت کے منصوبوں کو شامل کیا جائے گا تاکہ صوبے تیزی سے ترقی اور لوگوں کے معیار زندگی بلند ہونے کے علاوہ عوام کے مفادات کو تحفظ حاصل ہو۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی بجٹ میں توازن رکھ کر ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات کا تعین کریں تاکہ صوبے میں ترقی کا عمل جاری رہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کفایت شعاری کی پالیسی پر گامزن ہے اور تمام غیر ضروری اخراجات کو ختم کرنے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آئندہ مالی سال کا صوبائی بجٹ صوبے کی تاریخ کا پہلا بجٹ ہوگا جو صحیح معنوں میں عوام کے مفاد کے مطابق ہوگا اور محکموں کی جانب سے ترقیاتی پروگرام کے لئے تجویز کردہ اسکیموں کی افادیت عوام تک پہنچے گی۔

## قومی میڈیا میں بلوچستان کی کوریج کو یقینی بنایا جائے، سیکرٹری اطلاعات

**ایف ایم ریڈیو لائسنس کے معاملے پر جلد کام ہوگا، چیئرمین پیمرا کی عمران خان کو یقین دہانی**

اسلام آباد (خ ن) صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے اسلام آباد میں چیئرمین پیمرا سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں قومی میڈیا میں بلوچستان کی میڈیا کوریج پر بات کی اور اس حوالے سے ان سے تعاون کی درخواست کی۔ اس موقع پر چیئرمین پیمرا نے صوبائی سیکرٹری اطلاعات کو یقین دلایا کہ جب بھی اور جہاں بھی ضرورت پڑی وہ اپنی حمایت کو یقینی بنائیں گے۔ ملاقات میں محکمہ اطلاعات میں ایف ایم ریڈیو کے لائسنس کے معاملے پر بھی بات چیت ہوئی اور اس معاملے پر جلد کام کرنے کی یقین دہانی دلایا گیا۔

## نیشنل انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز سندھ کا بلوچستان میں کارڈیو یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (اے پی پی) نیشنل انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز سندھ نے بلوچستان کے شہر اوستہ محمد میں امراض قلب...... بقیہ نمبر 48 صفحہ 10 پر

کے علاج معالجے کے لئے جدید کارڈیو یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے لئے گورنر بلوچستان نے بلڈنگ کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی ہے۔ این آئی سی وی ڈی کے طبی ماہرین نے منصوبے پر عمل درآمد کے لئے محکمہ صحت جعفرآباد کے حکام کے ہمراہ مجوزہ سائٹ کا دورہ کیا اور یونٹ کے قیام کے لئے ضروری سہولیات کا جائزہ لیا۔ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر سندھ کے پروفیسر ڈاکٹر محمد قاسم اور ڈاکٹر محمد طاہر کے ہمراہ اوستہ محمد کے دورے کے دوران کارڈیو یونٹ کے قیام کے لئے دو مختلف مقامات کا جائزہ لیا اور منصوبے پر عمل درآمد کے حوالے سے سفارشات مرتب کیں۔

## بہادر فورس کی کمانڈ کا اعزاز

# ٹیم ورک کے تحت پولیسنگ بہتر بنائینگے، عبدالخالق شیخ

**تھانہ کلچر کو تبدیل کر کے لوگوں کو پولیس کے قریب لا سکتے ہیں، سائلین شکایت کی صورت میں براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں، آئی جی بلوچستان پولیس کی جنگ سے بات چیت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس ایک بہادر فورس ہے جس نے دہشت گردی کی جنگ میں فرنٹ لائن پر رہتے ہوئے افسران اور جوانوں کی قربانیاں دی۔ ہم شہداء کے خون کو رائیگاں نہیں جانے دیںگے۔ ٹیم ورک سے دشمن عناصر اور دہشت گردوں کے عزائم کو خاک میں ملا کر بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنا سکتے ہیں۔ بلوچستان پولیس کی کمانڈ کرنا میرے لئے اعزاز ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جنگ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا ہے کہ پولیس عوام کی محافظ ہے اور ہماری ذمہ داری ہے کہ ہم شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنائیں پولیس کے جوان افسران اپنے عمل اور کردار سے تھانہ کلچر کو تبدیل کر کے لوگوں کو پولیس کے قریب لا سکتے ہیں جو ان کی غلط روش اور اقدامات سے دور ہے جب عوام پولیس کے ساتھ ہوں گے تو پولیس دہشت گردی سمیت تمام جرائم پر قابو پانے میں اپنے مقصد میں عوام کے تعاون سے کامیاب ہوگی انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس ایک بہادر فورس ہے جس نے دہشت گردی کی جنگ میں فرنٹ لائن پر رہتے ہوئے افسران اور جوانوں نے شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے شہادت کا رتبہ پایا ہے وہ ہمارے لئے مشعل راہ ہے اور ہم شہداء کے خون کو رائیگاں نہیں جانے دیںگے ٹیم ورک سے دشمن عناصر اور دہشت گردوں کے عزائم کو خاک میں ملا کر بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنا سکتے ہیں، بہادر فورس کی کمانڈ کرنا میرے لئے اعزاز ہے پولیس کا محکمہ ہی عوام کی جان ومال کے تحفظ اور اپنے فرائض کی انجام دہی کے ذریعے جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کے لئے بنا ہے اور یہ ذمہ داری ہم آخری دم تک نبھاتے رہیں گے انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کے افسران باصلاحیت ہیں ان کی صلاحیتوں کا بھرپور فائدہ اٹھایا جائے گا کسی بھی شکایت کی صورت میں براہ راست رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 09 JUN 2022 Page No. 10


## وزیراعلیٰ نے ذاتی دلچسپی لے کر واجبات کا مسئلہ حل کیا، ایڈیٹرز کونسل

**وفاقی اور صوبائی حکومت اشتہارات کی تعداد ترقیاتی بجٹ کی شرح سے بڑھائے، بیان**

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ڈیلی نیوز پیپرز ایڈیٹرز کونسل نے ایک بیان میں حکومت بلوچستان کی جانب سے اخباری صنعت کے دیرینہ واجبات کی ادائیگی کا خیر مقدم کیا ہے، بیان میں کہا گیا کہ کونسل وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس کا شکر گزار ہے کہ انہوں نے ذاتی دلچسپی لیکر اخبارات کے مالی مسائل حل کر دیئے بیان میں اس توقع کا اظہار کیا گیا کہ وہ آئندہ بھی ذاتی دلچسپی لیکر اخباری صنعت کو موجودہ ناگفتہ بہ صورتحال سے نکال دیں گے، بیان میں کہا گیا کہ ڈالر کی قدر میں اضافہ عمومی مہنگائی کی وجہ سے اخباری صنعت کی لاگت میں 10 گنا اضافہ ہو چکا ہے نیوز پرنٹ قوت خرید سے باہر ہو چکی ہے اس کا واحد حل یہ ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت اشتہارات کی تعداد ترقیاتی بجٹ کی شرح سے منسلک کرے اشتہارات کے ریٹ اور اشتہارات کی تعداد میں اضافہ کرے جبکہ اشتہارات کی تقسیم میں میرٹ پر عملدرآمد اور اجراء میں شفافیت کو یقینی بنائے بیان میں چیف سیکریٹری عبدالعزیز عقیلی مشیر اطلاعات بشریٰ رند کا بھی شکریہ ادا کیا گیا جنہوں نے واجبات کے مسائل کو حل کرنے میں تعاون کیا علاوہ ازیں چیف منسٹر اسٹاف اور خاص طور پر سیکریٹری فنانس حافظ عبدالباسط کا بھی تہہ دل سے شکریہ ادا کیا گیا جن کی کوششوں سے اخباری صنعت کے واجبات کی ادائیگی ممکن ہوئی۔

Baakhabar Quetta

## ضلع لسبیلہ کو تقسیم کرنے کا یکطرفہ فیصلہ ناقابل قبول ہے، جام کمال

**کابینہ یا وزیراعلیٰ بلوچستان کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ عوامی مفاد کے برعکس فیصلہ کریں**

لسبیلہ (نامہ نگار) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیراعلیٰ بلوچستان نواب آف لسبیلہ نواب جام کمال خان عالیانی نے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں ضلع لسبیلہ کی تقسیم کرنے کے فیصلے پر اپنا ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے ضلع لسبیلہ کو تقسیم کرنے کا یکطرفہ فیصلہ کسی صورت قبول نہیں کریں گے کابینہ یا وزیراعلیٰ بلوچستان کو یہ حق حاصل نہیں کہ وہ عوامی مفاد کے برعکس ضلع لسبیلہ کو تقسیم کرنے کا فیصلہ کریں جام کمال خان عالیانی نے کہا کہ ڈسٹرکٹ لسبیلہ کی تقسیم کے حوالے سے مقدمہ معزز عدالت میں ہے لیکن اس کے باوجود اس طرح کا فیصلہ کرنا توہین عدالت تصور ہونا چاہیے انہوں نے کہا کہ عدالتی فیصلے کے بعد ہم لسبیلہ کے تمام قبائل سے ملکر لسبیلہ کی تقسیم کے حوالے سے مستقبل کا لائحہ عمل طے کریں گے انہوں نے کہا کہ لسبیلہ کی تقسیم ہمیں ہر لحاظ سے نامنظور ہے نیا ضلع صرف ذاتی مفادات کے لیے بنایا جا رہا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 09 JUN 2022 Page No. 17


## موٹر سائیکل چور گینگ کا سرغنہ گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) انڈسٹریل پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے اور چوری کرنے والے گروہ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے دو مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کر لی، پولیس کے مطابق ایس پی قائد آباد ڈویژن نظام الدین کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کا سرغنہ انڈسٹریل تھانے کی حدود میں موجود ہے جس پر ڈی ایس پی شاہد جمیل اور ایس ایچ او انڈسٹریل ولی خان اچکزئی کی سربراہی میں ٹیم تشکیل دی جس نے دو دن کی جدوجہد کے بعد سرغنہ رضوان کو گرفتار کر کے اس کی نشاندہی پر جان محمد روڈ سے چھینی اور چوری ہونے والی دو موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں، پولیس نے بتایا کہ ملزم نے ایک درجن سے زائد موٹر سائیکلیں چھیننے اور چوری کرنے کا اعتراف بھی کیا ہے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

## سی میں ہیڈ کانسٹیبل کا قاتل کوئٹہ سے گرفتار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) زرغون آباد پولیس نے سات روز قبل سی میں ہیڈ کانسٹیبل کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے ملزم کو نواکلی سے گرفتار کر لیا۔ ملزم کو سبی پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایچ او زرغون آباد ناصر اعوان کو خفیہ اطلاع ملی تھی کہ سات روز قبل ایس ایس پی سبی کے آفس میں تعینات ہیڈ کانسٹیبل ثنا اللہ کو فائرنگ کر کے قتل کرنا والا ملزم نواکلی کے ایک مکان میں موجود ہے جس پر ایس ایچ او نے دیگر عملے کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم مہر اللہ کو گرفتار کر لیا۔ ابتدائی تفتیش میں ملزم نے ہیڈ کانسٹیبل کے قتل کا اعتراف کرتے ہوئے بتایا کہ دو جون کو مقتول ثنا اللہ اپنی اہلیہ کے ہمراہ موٹر سائیکل پر گھر جا رہا تھا کہ اپنے دو دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا اور واقعے کے بعد تینوں کراچی فرار ہو گئے تھے۔ پولیس نے بتایا کہ ملزم ایک روز قبل ہی کراچی سے کوئٹہ پہنچا تھا۔

## ڈیرہ اللہ یار بائی پاس سے لاش برآمد

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار بائی پاس سے لاوارث لاش برآمد ہوئی ہے، پولیس نے روڈ ایکسیڈنٹ میں ہلاکت کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ڈیرہ اللہ یار بائی پاس کے زیرو پوائنٹ کے قریب ایک لاش کو اپنی تحویل میں لے کر شناخت کے لئے ڈسٹرکٹ ہسپتال ڈیرہ اللہ یار منتقل کر دیا۔ پولیس کے مطابق کسی تیز رفتار گاڑی کی ٹکر سے ہلاکت ہوئی ہے تاہم جائے وقوع سے شواہد اکٹھے کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔ لاش کے ہاتھ پر لکھے ہوئے نام سے شناخت عبدالرزاق خلجی ہوئی ہے۔ تاہم آخری اطلاعات آنے تک ورثاء کی تلاش جاری ہے۔

## خضدار، مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شدید زخمی

خضدار (نامہ نگار) خضدار میں سلطان ابراہیم خان روڈ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شدید زخمی ہوا۔ ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نامعلوم افراد نے گزشتہ روز سلطان ابراہیم خان روڈ پر پولیس اہلکار عنایت اللہ مینگل کو اس وقت نشانہ بنایا جب وہ ڈیوٹی ختم کر کے گھر جا رہا تھا فائرنگ کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوا۔ جسے طبی امداد کے بعد کوئٹہ منتقل کر دیا گیا۔

## کوئٹہ: ڈاکٹر مجید بلوچ کی عدم بازیابی کیخلاف ریلی ومظاہرہ

**8 جون 2009ء سے مبینہ طور پر لاپتہ ہیں، انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں، مقررین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے زیر اہتمام بی ایس او کے سابق وائس چیئرمین ڈاکٹر مجید بلوچ کی مبینہ گمشدگی کیخلاف بدھ کو احتجاجی ریلی نکالی اور پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا، مظاہرے کے شرکاء سے نصر اللہ بلوچ، ڈاکٹر مجید کی والدہ و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر مجید بلوچ 8 جون 2009ء سے مبینہ طور پر لاپتہ ہیں، ڈاکٹر مجید بلوچ نے اگر کوئی جرم کیا ہے تو اسے عدالت میں پیش کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ ان کی عدم بازیابی کے باعث گزشتہ 13 سال سے ڈاکٹر مجید بلوچ کے اہلخانہ شدید ذہنی اذیت سے دوچار ہیں، انہوں نے ڈاکٹر مجید بلوچ سمیت تمام مبینہ لاپتہ بلوچوں کی بازیابی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اگر انہوں نے کوئی جرم کیا ہے تو انہیں عدالت میں پیش کر کے کیا جائے۔

## سوراب: موٹر سائیکل چھین لی گئی

سوراب (نامہ نگار) گل دمب میں مسلح افراد نے عطاء اللہ محمد حسنی موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین کر آسانی سے فرار ہو گئے۔

## پنجگور: فائرنگ سے ایک شخص زخمی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے خدا بادان سراوان میں مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا، پولیس ذرائع کے مطابق پنجگور خدا بادان سراوان دیوان کور کے قریب ڈاکوؤں نے حارث نامی شخص کو لوٹ کر نقدی اور موبائل چھیننے کے بعد فائرنگ کر کے شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے۔


AZADI QUETTA


## 12 سالہ بچے کے ساتھ بدفعلی کرنے والے ملزمان کو سات سات سال قید کی سزا سنادی

**ملزمان نصیر احمد، آصف نے 9 جون 2020ء کو بچے کیساتھ بدفعلی کی تھی**

کوئٹہ (آئی این پی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کوئٹہ جناب محمد داؤد خان ناصر نے 12 سالہ بچے کے ساتھ بدفعلی کے مقدمہ میں نامزد 2 ملزمان کو جرم ثابت ہونے پر سات سات سال قید اور ڈیڑھ ڈیڑھ لاکھ روپے جرمانہ کی سزائیں سنادی ہیں۔ استغاثہ کے مطابق (بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 7 پر)

ملزمان نصیر احمد اور آصف نے 9 جون 2020ء کو پولیس تھانہ صدر کوئٹہ کی حدود میں 12 سالہ بچے (اس) کے ساتھ بدفعلی کا ارتکاب کیا تھا جنہیں ایگل سکواڈ اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر دھر لیا تھا ملزمان کے خلاف بچے کے چچا کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے چالان عدالت میں پیش کیا گیا گزشتہ روز مذکورہ مقدمہ کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے عدالت کے جج نے ملزمان نصیر احمد اور آصف کو بچے 12 سالہ کے ساتھ بدفعلی کرنے کا جرم ثابت ہونے پر 7/7 سال قید اور ڈیڑھ ڈیڑھ لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنادی ہے عدم ادائیگی جرمانہ کی صورت میں ملزمان کو مزید ڈیڑھ ڈیڑھ سال قید بھگتنا ہوگی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 09 JUN 2022 Page No. 12

# وزیر اعلیٰ انسپکشن ٹیم کا نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال کا دورہ، مسائل کا جائزہ

## مریضوں کا بے پناہ رش، ہسپتال کو بڑھا کر 100 بیڈ کر دیا گیا لیکن فنڈز 50 بیڈ کے حساب سے مل رہے ہیں

## نئے ڈیپارٹمنٹس اور بلڈنگ تعمیر کرنے کی اشد ضرورت ہے، سی ای او ڈاکٹر سعید احمد میروانی کی ٹیم کو بریفنگ

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی انسپکشن ٹیم نے شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کا دورہ کیا، ہسپتال کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر سعید احمد میروانی نے ٹیم کو ہسپتال کا تفصیلی دورہ کرایا، ہسپتال کی کارکردگی اور درپیش مسائل کے بارے میں بریفنگ دی شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ کے پبلک ریلیشن آفیسر نے تفصیلات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ٹیم میں ٹیکنیکل ممبر اکبر علی ایڈیشنل ممبر عبدالغفار اور ایڈیشنل ممبر راز محمد شامل تھے بعد ازاں ہسپتال کے کانفرنس روم میں ہسپتال کے سی ای او نے ہسپتال کی کارکردگی، رپورٹ، ہسپتال کو درپیش مسائل، اور ہسپتال میں بے تحاشہ مریضوں کے رش کے باعث فی الفور جن ڈیپارٹمنٹس میں توسیع کی ضرورت ہے، مزید جن نئے ڈیپارٹمنٹس اور بلڈنگ کی تعمیر کرنے کی ضرورت ہے اور اسکے علاوہ ہسپتال کی جو متفرق ضروریات ہیں ان سب کے بارے میں ٹیم کو آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں مریضوں کا رش بہت زیادہ ہے، گورنمنٹ کی طرف سے ہسپتال 50 بیڈڈ ہے اور گرانٹ بھی 50 بیڈ کے مطابق دی جا رہی ہے۔ موجودہ سی ای او کی محنت اور کاوشوں سے ہسپتال کو اپنی مدد آپ کے تحت 100 بیڈڈ بنایا گیا ہے۔ ہسپتال کے وارڈز مکمل بھر جانے کے بعد وارڈز سے باہر گیلری اور لاونج میں مزید بیڈ لگا کر داخل مریضوں کا علاج کیا جاتا ہے، ٹیم کے وزٹ کے موقع پر بھی وارڈز میں یہی صورتحال تھی۔ سی ایم انسپکشن ٹیم ہسپتال کی کارکردگی سے بہت متاثر ہوئی اور درپیش مسائل سے حکام بالا کو آگاہ کرنے کی یقین دہانی کرائی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Baakhabar Quetta

Bullet No. 6 | Dated: 09 JUN 2022 | Page No. 16


## بلوچستان کابینہ کے اہم اور قابل ستائش فیصلے

وزیراعلیٰ میر عبدالقدوس بزنجو کی زیرصدارت بلوچستان کابینہ کے اجلاس میں کئی اہم فیصلے کیے گیے کابینہ اراکین نے صوبے میں کفایت شعاری اور اخراجات کم کرنے کی پالیسی کے تحت اپنے پٹرول کے کوٹے اور دیگر مراعات میں 50 فیصد کمی کا فیصلہ کیا تاہم بڑھتی ہوئی مہنگائی کے پیش نظر ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں 10 اضافے کی منظوری دی گئی کابینہ نے بی ڈی اے کے کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے ڈیرہ بگٹی کے علاقے پیرکوہ اور زین کوہ کے لئے واٹرسپلائی اسکیم کے نظرثانی شدہ پی سی ون' گندم کی امدادی قیمت میں 200 روپے فی کلوگرام اضافے' ضلع کوئٹہ کی 170 واٹرسپلائی اسکیموں کو واسا کے حوالے کرنے' انسانی حقوق کی پالیسی 2021 اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی بل 2022 کی منظوری دی' سیاحت کے فروغ کے لئے زیارت ویلی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کی بحالی اور صوبے میں تین نئے اضلاع حب کاریزات اور اوستہ محمد کے قیام کی اصولی منظوری بھی دی گئی۔ علاوہ ازیں پی ایس ڈی پی میں شعبہ صحت کی بند اسکیموں پر دوبارہ کام کے آغاز کی منظور بھی دی گئی۔ وزیراعلیٰ قدوس بزنجو نے اس موقع پر کہا ہے کہ ہماری حکومت نے بلوچستان کے حقوق کا کامیابی سے دفاع کیا۔ ریکوڈک معاہدے کے تحت بلوچستان بھر کی سرمایہ کاری کے منافع میں 25 فیصد کا شراکت دار ہوگا۔ یہ معاہدہ ہماری آنے والی نسلوں کی ترقی وخوشحالی کا ضامن ہے۔ یہ یقین دہانی بھی کرائی گئی کہ بلوچستان حکومت اہم معاملات پر تمام سیاسی قوتوں کو ساتھ لیکر چلے گی۔ ملک کی موجودہ معاشی صورتحال کے حوالے سے صوبائی وزراء اور مشیروں کے فیول اور دیگر اخراجات و مراعات میں 50 فیصد کمی کا فیصلہ بہت اچھا ہے۔ ملک کو جس معاشی بحران خصوصا پٹرولیم کے نرخوں میں اضافے سے پیداشدہ صورتحال کا سامنا ہے اس کے مقابلے کے لئے

کا استعمال بہت بیدردی سے کیا جاتا ہے۔ اعلی سطح پر بیوروکریسی کو خاص طور پر فیصلے کرنا ہونگے دیکھنے میں آیا ہے کہ سیکرٹری کی سطح کے افسروں کے پاس چار سے پانچ سرکاری گاڑیاں ہوتی ہیں اور ان سب کے پٹرول کے اخراجات سرکاری خزانے سے ادا کیئے جاتے ہیں۔ یہ گاڑیاں عموما اہلخانہ کے استعمال میں رہتی ہیں صوبائی محکموں کو دیگر اخراجات پر بھی کنٹرول کرنا ہوگا اسی طرح صوبائی وزراء' مشیروں اور ارکان اسمبلی کو بھی اپنی مراعات میں رضاکارانہ کمی کا فیصلہ کرنا چاہیے تاکہ عوام کی نظروں میں ان کی ساکھ میں اضافہ ہو اور وہ عوام کے حقیقی نمائندے کے طور پر پہنچانے جائیں۔

صوبائی حکومت نے پنشنرز کے حوالے سے قابل ستائش فیصلہ کرتے ہوئے پنشن میں 10 فیصد اضافے کی منظوری دی ہے۔ حاضر سروس ملازمین کی تنخواہوں میں سالانہ معقول اضافہ ہوجاتا ہے گوکہ موجودہ مہنگائی میں یہ بھی ناکافی ہے لیکن پنشنرز کی پنشن میں معمولی اضافہ ہوتا ہے اور گذشتہ سال تو یہ اضافہ غالبا بنیادی پنشن پر کیا گیا جس سے پنشنرز میں مایوسی پیدا ہوئی صوبائی کابینہ کو اس مرتبہ یہ اضافہ بنیادی کی بجائے رننگ پنشن کرنا چاہیے تاکہ یہ طبقہ بھی مہنگائی کی غیرمعمولی لہر کا کسی حد تک مقابلہ کرسکے۔ بی ڈی اے کے کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل کرنے پر ڈیرہ بگٹی میں فراہمی آب کی اسکیموں کے نظرثانی شدہ پی سی ون کی منظوری' ضلع کوئٹہ کی 170 واٹرسپلائی اسکیموں کو واسا کے حوالے کرنے اور تین نئے اضلاع کے قیام کے فیصلے عوامی مفاد کی نوعیت کے ہیں جس سے صوبے کے عوام کو مجموعی طور پر بہت فائدہ پہنچے گا۔ کوئٹہ سمیت پورے صوبے میں پانی کا مسئلہ سنگین صورت اختیار کرتا جارہا ہے۔ جسے حل کرنے کے لئے جامع منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ معاشی اعتبار سے بلوچستان کے لئے اہم منصوبہ ہے اس پر پہلا حق صوبے کے عوام کا ہے سرمایہ کاری کے بغیر منافع میں 25 فیصد کی شراکت داری سے بلوچستان کے وسائل میں اضافہ ہوگا صوبے کے حقوق کے تحفظ اور دفاع کے لئے حکومت اور اپوزیشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک صفحے پر ہونا چاہیے یہی وہ طریقہ ہے جس پر چلتے ہوئے بلوچستان کو ترقی و

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 09 JUN 2022 Page No. 18

# بجلی بحران، وقتی فیصلوں کی بجائے مستقل پالیسیوں پر غور کیا جائے

حکومت کے وعدے وفا نہ ہوسکے، اسلام آباد، کراچی، لاہور، کوئٹہ، پشاور سمیت ملک بھر میں لوڈشیڈنگ کا مسئلہ جوں کا توں ہے، بجلی کا شارٹ فال چھ ہزار میگاواٹ سے زیادہ ہوگیا ہے۔ کراچی میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ سولہ گھنٹے تک پہنچ گیا، اسلام آباد میں 4 سے 6 گھنٹے تک بجلی بند رہی، جبکہ لاہور میں سات سے آٹھ گھنٹے، پشاور اور کوئٹہ میں دس دس گھنٹے کی لوڈشیڈنگ جاری ہے۔ کراچی میں شدید گرمی کے ساتھ سولہ گھنٹے کی لوڈشیڈنگ سے شہری بلبلا اٹھے، سرجانی ٹاؤن، نیو کراچی، لیاری، اورنگی ٹاؤن، کورنگی، بلدیہ اور لانڈھی کے علاقے سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں۔ کے الیکٹرک نے واجبات کی عدم ادائیگی ک لوڈشیڈنگ کی وجہ بتایا ہے۔ لیسکو کی طلب 5700 میگاواٹ تک جا پہنچی ہے جبکہ شارٹ فال 800 میگاواٹ ہے، نیشنل گرڈ اسٹیشن سے لیسکو کو 4 ہزار 900 میگاواٹ بجلی کی فراہمی جاری ہے، ترجمان کا کہنا ہے کہ لیسکو نے ساڑھے 3 گھنٹے بجلی لوڈشیڈنگ کا شیڈول جاری کیا ہے۔ ملک میں بجلی کا شارٹ فال 5 ہزار 307 میگاواٹ ہے، ذرائع پاور ڈویژن کے مطابق بجلی کی مجموعی پیداوار 21 ہزار 293 میگاواٹ ہے، ملک میں بجلی کی طلب 26 ہزار 600 میگاواٹ ہے، پانی سے 4 ہزار 688 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے، سرکاری تھرمل پلانٹس ایک ہزار 314 میگاواٹ بجلی پیدا کررہے ہیں۔ نجی شعبے کے بجلی گھروں کی پیداوار 12 ہزار 182 میگاواٹ ہے، ونڈ پاور پلانٹس ایک ہزار 567 میگاواٹ اور سولر پلانٹس سے پیداوار 118 ہے، بگاس سے چلنے والے پلانٹس 187 میگاواٹ بجلی پیدا کررہے ہیں، جوہری ایندھن سے ایک ہزار 237 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے، ملک کے مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے تک کی لوڈشیڈنگ جاری ہے، اسلام آباد ریجن میں بھی 4 گھنٹے تک لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، زیادہ نقصانات والے علاقوں میں لوڈشیڈنگ کا دورانیہ زیادہ ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت قومی اقتصادی کونسل کے اجلاس میں صوبوں نے بجلی کی بچت کیلئے بازار رات ساڑھے 8 بجے بند کرنے پر اصولی اتفاق کرلیا تاہم سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ نے اس حوالے سے مشاورت کیلئے دو دن کی مہلت مانگی ہے۔ وزیراعظم کی زیرصدارت قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس ہوا جس میں سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ نے شرکت کی جبکہ خیبرپختونخوا کی نمائندگی چیف سیکرٹری ڈاکٹر شہزاد خان بنگش نے کی۔ اعلامیہ کے مطابق وزرائے اعلیٰ نے توانائی بحران سے نمٹنے کیلئے وفاقی حکومت کے اقدامات کو سراہا اور چاروں صوبوں نے بازار رات ساڑھے 8 بجے بند کرنے کی تجویز پر اتفاق کیا۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے وزرائے اعلیٰ نے دو دن کی مہلت مانگی ہے تاکہ اپنے اپنے صوبوں میں تجارتی و کاروباری تنظیموں سے مشاورت مکمل کرسکیں۔ اعلامیہ کے مطابق وزرائے اعلیٰ نے توانائی کے بحران سے نمٹنے کیلئے ملک گیر اقدامات پر وفاقی کابینہ کے فیصلوں سے اتفاق کیا اور بحران سے نمٹنے میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ قومی اقتصادی کونسل کی جانب سے فیصلہ تو کرلیا گیا ہے مگر کیا اس کے بعد یہ گارنٹی ہوگی کہ بجلی لوڈشیڈنگ میں کمی آئے گی، گھریلو اور کمرشل صارفین کو بجلی مستقل فراہم کی جائے گی یا پھر پچھلے بیانات کی طرح اجلاس کا فیصلہ بھی محض ایک تجربہ ثابت ہوگا۔ اس لیے ضروری ہے کہ بجلی کی پیداواری صلاحیت کو بڑھایا جائے اصل مسائل کو ایڈریس کرنے کی ضرورت ہے تاکہ کوئی بھی شعبہ کسی فیصلے سے متاثر نہ ہو وگرنہ یہ فیصلے کئے جاتے رہینگے دوسری جانب متعلقہ اداروں کی ہٹ دھرمی اپنی جگہ برقرار رہے گی، لہٰذا مسائل کا مستقل حل ڈھونڈا جائے وقتی علاج سے اب نکلنے کی ضرورت ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 09 JUN 2022 Page No. 29

# Limiting perks

Balochistan government has decided to cut perks of cabinet members up to 50 per cent amid the severe economic crisis in the country. After the conclusion of the cabinet session on Monday chaired by Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo, Sardar Abdul Rehman Khetran conducted a press conference and announced the decision. He said that the perks of cabinet members will be reduced up to 50 per cent. No doubt, the country is facing a strong financial crunch. On Friday, Prime Minister Shehbaz Sharif called on the privileged class to make sacrifices and adopt austerity, saying this was necessary in these challenging times.

It strongly needs austerity and disciplined measures to put the country back on track and reduce the burden and miseries of the people. As far as Balochistan is concerned, it is the most impoverished part of the entire country where more than 50 per cent people live below poverty line, where a large number of the population are deprived of basic facilities such as clean drinking water, health and education facilities, and where unemployment is touching its peak. Regrettably, the perks and privileges offered to the members of cabinet and other legislators do not suit the budget of Balochistan. Likewise, a huge chunk of resources from the provincial kitty is allocated for the bureaucracy who enjoys a number of perks and privileges such as handsome salary, allowances, unlimited fuels, boarding and travelling. To address the financial crisis, the government should also review perks and privileges of bureaucracy and should divide the financial burden over the entire privileged and semi privileged class of the society.

The government must impose highly visible, across-the-board austerity measures on the ruling elite immediately. No half-measures will suffice. The people are staring into the abyss of financial ruin, reeling from an unprecedented cumulative hike of 40pc in petrol prices within a week; a 47pc increase in the per unit electricity tariff and now a 45pc rise in the gas tariff.

There must be tangible actions to demonstrate that the ruling elite are prepared to share the burden of belt-tightening with the common man. At this critical juncture, it makes both economic as well as political sense to dismantle, as far as possible, the trappings of the prevailing VIP culture that is flaunted every day in the face of 'ordinary citizens'. Public resentment against the privileged class already runs so deep that unless conspicuous measures are taken to address this inequity, the anger could spill over into civil unrest.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 09 JUN 2022 Page No. 22


# ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے خلاف تحریک عدم اعتماد کا امکان

## پی ایس ڈی پی کے شعبہ صحت کی بند سکیموں پر دوبارہ کام کے آغاز کا فیصلہ




خلیل احمد

بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے کے بعد بعد سیاسی جماعتوں اور رہنماؤں کی نظریں اب کوئٹہ اور لسبیلہ کے باقی رہ جانے والے اضلاع کے بلدیاتی انتخابات پر مرکوز ہوگئی ہیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق کوئٹہ اور لسبیلہ میں بھی جولائی کے پہلے ہفتے میں بلدیاتی انتخابات کا انعقاد ہو سکتا ہے تاہم بلوچستان میں حلقہ بندیوں سے متعلق سیاسی جماعتوں کے تحفظات میں مزید سختی آئی ہے۔ ان کے مطابق الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ قومی وصوبائی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستوں میں اضافہ کیا جانا چاہیے تھا۔ اس کے علاوہ نئی حلقہ بندیوں میں بلوچستان اسمبلی کی نشستوں کیلئے طے کردہ حلقے ایک بار پھر مسائل سے دوچار کریں گے۔ سیاسی جماعتوں نے تو یہاں تک کہہ ڈالا کہ الیکشن کمیشن کی نئی حلقہ بندیوں کو عدالت میں چیلنج کیا جائے گا۔ دوسری جانب بلوچستان میں وزیراعلیٰ بلوچستان عبدالقدوس بزنجو کے خلاف تحریک عدم اعتماد کی ناکامی کے بعد صوبے میں سیاسی تبدیلیوں کا بھی آغاز ہوگیا ہے اور پہلے مرحلے میں ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل کے خلاف تحریک عدم اعتماد لائے جانے کی تیاریاں مکمل ہوگئی ہیں۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کے مطابق صوبائی حکومت نے اپنے اتحادیوں کے ساتھ ڈپٹی اسپیکر کو ہٹانے سے متعلق نہ صرف مشاورت مکمل کرلی ہے بلکہ مرکز سے اس کی اجازت بھی لے لی ہے اور جمعیت علماء اسلام کے انکار کے بعد ڈپٹی اسپیکر کا عہدہ ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل کو مشترکہ طور پر سونپے جانے کا امکان ہے۔ سیاسی تجزیہ نگاروں کے مطابق صوبائی حکومت اور اتحادی جماعتیں وزیراعلیٰ بلوچستان کے خلاف تحریک عدم اعتماد کے معاملے پر جانبداری پر نالاں تھیں اور اس حوالے سے ڈپٹی اسپیکر بابر موسیٰ خیل کے علاوہ بعض دیگر حکومتی اور اتحادی اراکین کے تحریک عدم اعتماد میں کردار کو بھی زیر بحث لایا گیا ہے۔ اس حوالے سے اب یہ خبریں سامنے آرہی ہیں کہ مزید سیاسی تبدیلیوں کا بھی قوی امکان ہے جس کا پہلا مرحلہ ڈپٹی اسپیکر کو ہٹائے جانے سے شروع ہو رہا ہے۔ اس کے علاوہ گزشتہ روز بلوچستان صوبائی کابینہ کا بھی اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں بلوچستان حکومت نے کابینہ اراکین کے اخراجات میں 50 فیصد کمی کے ساتھ ساتھ کئی اہم منظوریاں بھی دیں۔ اس اجلاس کے بعد میڈیا بریفنگ کے دوران صوبائی وزیر محکمہ مواصلات وتعمیرات سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ صوبے میں تین نئے اضلاع حب، کاریزات اور اوستہ محمد یکم ستمبر سے فعال ہوجائیں گے۔ سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ کابینہ نے 50 نکاتی ایجنڈے پر اجلاس منعقد کیا جس میں پنشن میں 10 فیصد اضافے کی منظوری دی گئی۔ اس کے علاوہ کابینہ نے بلوچستان ڈیولپمنٹ اینڈ سپرویژن برائے نصاب ٹیکسٹ بل اور معیار تعلیم کے بل 2018، ضلع کوئٹہ کی 170 واٹر سپلائی اسکیموں کی واسا کو حوالگی کیلئے کمیٹی تشکیل دینے کی منظوری شامل ہے۔ انھوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ نے انسانی حقوق کی پالیسی 2021 بلوچستان فوڈ اتھارٹی رولز 2022 جوڈیشل کمپلیکس سریاب کی تعمیر کے منصوبے کی منظوری دی ہے اس کے علاوہ خریف فصل 2022 کیلئے کھاد پر سبسڈی ربیع کی فصل 22-2021 کیلئے کھاد پر سبسڈی، زراعت کے پی ایس ڈی پی کے منصوبوں کی نشاندہی اور انتخابات کے طریقہ کار میں ترمیم کی منظوری دی۔ انھوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ نے پی ایس ڈی پی کی شعبہ صحت کی بند سکیموں کو دوبارہ کام کے آغاز کی منظوری دی۔ ان سکیموں میں 100 بنیادی مراکز صحت کو بی ایچ یو پلس کا درجہ دینے اور 30 بنیادی مراکز صحت کو آر ایچ سی پلس کا درجہ دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ کابینہ نے ریگولیشن مائنز اینڈ آئل ریلٹڈ اینڈ منرلز ڈیولپمنٹ ایکٹ 1948 میں ترمیم بلوچستان وراثتی سرٹیفکیٹ کے قواعد 2022 صوبائی لاء آفیسران کی تعیناتی کے ترمیمی بل 2022 رکھنی بیکو شاہراہ کے منصوبے کے پی سی ون میں ترمیم کرنا شامل ہیں۔ صوبائی کابینہ نے گندم کی امدادی قیمت میں اضافہ جس کو فی کلو بیگ 2200 سے 2440 کردیا گیا صوبائی کابینہ نے زیارت ویلی ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی بحالی اور استحکام کو بھی منظور کرلیا ہے۔ اس کے علاوہ ڈیرہ بگٹی اور پیر کوہ اور زین کوہ میں واٹر سپلائی کے لئے اسکیم، بی ڈی اے کے کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی، حب کاریزات اور اوستہ محمد اضلاع کے قیام کی اصولی منظوری بھی دی گئی ہے۔

اس کے علاوہ ایک اہم سیاسی پیش رفت رواں ہفتے کے دوران ہوئی جب بلوچستان میں جمعیت علماء اسلام اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی نے بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے کے بعد دوسرے اور تیسرے مرحلے کیلئے اتحاد کرتے ہوئے کمیٹیاں تشکیل دینے کا فیصلہ کیا۔ گزشتہ روز وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے عبدالرحیم زیارتوال نے مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں کے ساتھ بھی اسی طرز کے اتحاد کیلئے بات چیت کا عمل جاری ہے۔ انتخابات میں حکومتی وسائل اور پوسٹنگ ٹرانسفر پابندی اور بدعنوانی کے باوجود سیاسی جماعتوں نے کامیابی حاصل کی ہے۔ مولانا عبدالواسع کا کہنا تھا کہ متحدہ اپوزیشن اور ہماری جماعت گزشتہ چار سال تک جدوجہد کرتی رہی ہیں جس میں ہم نے لانگ مارچ، آزادی مارچ اور دیگر مارچ کرنے کے ساتھ ساتھ تحریک عدم اعتماد بھی پیش کی اور اس کو متحدہ اپوزیشن کے فورم سے کامیاب بنایا گیا۔ موجودہ جمہوری سیاسی نظام کے تحت پہلے مرحلے میں صوبہ خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات ہوئے جس میں عوام کی طاقت سے جمعیت علماء اسلام اور متحدہ اپوزیشن کی جماعتیں کامیاب ہوئیں اور بلوچستان میں بلدیاتی انتخابات میں بھی تمام تر رکاوٹوں کے باوجود جمعیت علماء اسلام کامیاب ہوئی۔ انھوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے درمیان اتحاد ہوگیا ہے اور دونوں نے الگ الگ کمیٹیاں تشکیل دی ہیں جو تمام امور کو بخوبی مشاورت سے سرانجام دے رہی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ Dated: 09 JUN 2022 Page No.________



صوبائی وزیر محمد خان طور اتمانخیل سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ آل بلوچستان ڈس ایبل انڈور سپورٹس ٹورنامنٹ کے میچز دیکھ رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ آل بلوچستان ڈس ایبل انڈور سپورٹس ٹورنامنٹ کے موقع پر کھلاڑیوں میں ٹرافی تقسیم کر رہے ہیں



صوبائی وزراء نور محمد دمڑ، محمد خان لہڑی اور ترجمان حکومت بلوچستان میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں



کوئٹہ: صوبائی وزیر سکندر عمرانی سے رکن اسمبلی عمر جمالی اور عبدالغفور لہڑی ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد: صوبائی سیکرٹری اطلاعات عمران خان چیئرمین حمر اسے ملاقات کر رہے ہیں